## سوال

(206)مشرک سے مراد کون لوگ ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مشرک سے مراد صرف بت پرست یا آتش پرست ہیں؟ یا اس میں کتابی مشرک بھی شامل ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

"سورۃ بقرہ"کی آیت۔

وَلا تَنكِحُوا المُشرِكـٰتِ ﴿٢٢١﴾... سورة البقرة

کتابیہ عورت کے علاوہ سب مشرکات کو شامل ہے کتابیہ عورت سے نکاح سورہ مائدہ کی آیت۔

وَالمُحصَنـٰتُ مِنَ الَّذينَ أوتُوا الكِتـٰبَ مِن قَبلِكُم ﴿٥﴾... سورة المائدة

کی بناء پر جائز ہے علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فقالت طائفة: حرم الله نكاح المشركات في سورة البقرة ثم نسخ من هذه الجملة نساء اهل الكتاب فاحلهن في سورة المائدة'' (احکام القرآن 3/67)

"سورہ بقرہ"مدینہ میں نزول کے اعتبار سے اوائل احکام سے ہے جبکہ مائدہ اواخر سے ہے جس کی بناء پر آیت بقرہ کے حکم کو عام قرار نہیں دیا جاسکتا سابقہ دلیل کی بناء پر کتابیہ عورت کے علاوہ "سورہ بقرہ"کی آیت کا اطلاق تمام قسم کی مشرکات پر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

# ج1ص509

محدث فتویٰ